سوال

(70) گوشت کھانے سے وضو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا سہل بن حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا :

"من أكل لحم جزور فليتوضأ"

''جس نے گوشت کھایا' تو اسے چاہیے کہ وہ وضو کرے۔''

یہ حدیث حسن ہے۔ (الصحیحہ: 2322)

حدیث میں امر استحباب ہے۔ سوائے اونٹ کے گوشت سے کہ اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو واجب ہے۔ اس لیے کہ ان دونوں میں فرق ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اونٹ کے گوشت سے وضو کے متعلق پوچھا؟ تو ارشاد فرمایا : ''تم وضو کرو۔''

اور بکری کے گوشت سے وضو کے متعلق سوال کیا؟ تو ارشاد فرمایا : ''اگر چاہو تو کرلو۔'' (صحیح مسلم۔ ارواء الغلیل۔ 1/152-118۔ نظم الفرائد: 1/268)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

طہارت کے مسائل صفحہ:165

محدث فتویٰ